بینک دولت پاکستان

شعبہ بینکاری طرز عمل اور تحفظ صارف

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

بی سی اینڈ سی پی ڈی سرکلر لیٹر 02 برائے 2020ء　　　　**12 نومبر 2020ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے / خرد مالکاری بینک / غیر بینک مالی کمپنیاں / مضاربہ

محترم / محترمہ،

کارپوریٹ قرض گیروں کے قلمزد / معاف کیے گئے قرضوں کی
اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ای سی آئی کو رپورٹنگ

براہِ مہربانی اسٹیٹ بینک کے ای سی آئی آئی بی میں متروک / منسوخ قرضوں اور پیشگیوں کی تاریخ کے زیرِ غور رہنے سے متعلق بی سی سی پی ڈی لیٹر نمبر BC&CPD/CPU-01/120/12330/2016 بتاریخ 17 مئی 2016ء سے رجوع کیجیے۔

2۔ متروک / منسوخ قرضوں اور پیشگیوں کے زیرِ غور رہنے کو بین الاقوامی طریق کار سے ہم آہنگ کرنے کے لیے فیصلہ کیا گیا ہے کہ کارپوریٹ قرض گیروں کے قلمزد / معاف کیے گئے قرضوں کی اسٹیٹ بینک کے ای سی آئی بی میں زیرِ غور رہنے کی مدت کو 15 سال سے کم کرکے 10 سال کردیا جائے۔

3۔ چنانچہ، مالی اداروں کی جانب سے کسی بھی کارپوریٹ قرض گیر کو دی گئی مالی امداد اس متعلقہ قرض گیر کی ای سی آئی بی رپورٹ میں 10 سال تک زیرِ غور رہے گی، جس کی مدت کا آغاز اسٹیٹ بینک کی ای سی آئی بی میں اس کی رپورٹنگ کی تاریخ سے ہو گا۔

4۔ وصولی سے مطلع فرمائیں۔

آپ کا مخلص

(آصف محمود

ڈائریکٹر